# چیئرمین جائزہ رپورٹ

میری جانب سے انتہائی مسرت کے ساتھ سانگھڑ شوگر ملز لمیٹڈ (کمپنی) کی رپورٹ ہذا کو حصص داران کی خدمت میں پیش کیا جارہا ہے، نیز میں انتہائی مسرت کے ساتھ 30 ستمبر 2022 کو ختم ہونے والے مالی سال کی بابت کمپنی سے متعلق مالیاتی دستاویزات اور دیگر معلومات بھی آپ کی خدمت میں پیش کررہا ہوں اور اس کے ساتھ ساتھ بورڈ کی مجموعی کارکردگی کا جائزہ اور بورڈ کی جانب سے ادا کئے جانے والے موثر کردار کا جائزہ بھی پیش کیا جارہا ہے۔

مالی سال 22-2021 کے دوران کمپنی کو خام مال کی بڑھتی ہوئی قیمتوں، پاکستانی روپے کی قدر میں کمی اور بلند شرح سود جیسے مسائل کا سامنا رہا۔ علاوہ ازیں اس سال شوگر ملوں کو گنے کے حصول میں سخت مسابقت کا سامنا کرنا پڑا جس کے باعث گنے کی قیمت خرید بہت بلند رہی۔ زیرنظر مالی سال کی پہلی سہ ماہی دوران چینی کی قیمت میں بہتری آئی جس کی وجہ سے کمپنی کے نقصان کا ازالہ کرنے میں مدد ملی اور نقد رقوم کی ترسیل میں بھی بہتری پیدا ہوئی۔ کثیرالجہتی مسائل اور رکاوٹوں کے باوجود کمپنی کی فروخت کا حجم 3,872,185 ہزار روپے رہا جو کہ بلحاظ قدر کمپنی کی تاریخ میں فروخت کا سب سے بڑا حجم ہے۔

جیسا کہ آپ کو پہلے بھی بتایا جاچکا ہے، کمپنی کی جانب سے اپنی پیداواری صلاحیت میں جدت پیدا کرنے کیلئے کچھ اقدامات اٹھائے گئے ہیں تاکہ اعتماد اور حفاظت میں اضافے کے ساتھ ساتھ جدید ٹیکنالوجی سے بھی ہم آہنگی پیدا ہوسکے۔ ان اقدامات کی وجہ سے گنے کے پھوک کی فروخت میں اضافہ ہوا۔ حجم میں اضافے اور پیداواری لاگت میں کمی کی وجہ سے کمپنی نے گزشتہ مالی سال 16,094 ہزار روپے کے نقصان قبل از ٹیکس کے مقابلے میں اس مالی سال 70,466 ہزار روپے منافع قبل از ٹیکس زیادہ کمایا ہے۔

بورڈ اور انتظامیہ کے مابین ہم آہنگی پیدا ہونے سے ہی یہ نتائج برآمد ہوئے ہیں، مجھے اس بات پر دلی مسرت ہے کہ بورڈ کی جانب اس قدر دلچسپی لیے جانے اور انتظامی ٹیم کو رہنمائی فراہم کرنے جیسے اقدامات نے ایسے خاطر خواہ مالیاتی نتائج برآمد کرنے میں بنیادی کردار ادا کیا۔

بورڈ، کمپنی کی کاروباری صلاحیتوں بشمول اسکی کمزوریوں اور طاقت سے بخوبی واقف ہے اور کمپنی کی سرگرمیوں اور اس کے اثرات کو جانچنے کیلئے ٹریکنگ کا ایک نظام موجود ہے۔ بورڈ کی جانب اپنے جائزے کا عمل مکمل کرلیا گیا ہے اور کے ساتھ ہی مالی سال 22-2021 کیلئے چیف ایگزیکٹیو آفیسر کی کارکردگی کا جائزہ بھی لیا جاچکا ہے اور میں آپ کے گوش گزار کرنا چاہتا ہوں کہ منظور شدہ معیارات کے تحت لئے گئے جائزے کے مطابق کارکردگی کو اطمینان بخش قرار دیا گیا ہے۔

بورڈ کی جانب سے اپنے فرائض منصبی انتہائی مستعدی اور فرض شناسی کے ساتھ ادا کئے گئے اور کمپنی کی حکمت عملی وضع کرنے اور گورننس کے معاملات میں مؤثر رہنمائی کی گئی۔ تمام بورڈ ممبران بشمول ڈائریکٹرز نے فیصلہ سازی میں اپنا بھرپور کردار ادا کیا۔ بورڈ کی جانب سے ایسی پالیسیاں مرتب کی گئی ہیں جن کے تحت تمام اہم امور کے ضمن میں بورڈ کی ذمہ داریوں کا جامع احاطہ کیا گیا ہے۔

میں انتہائی مسرت کے ساتھ یہ بات بھی نوٹس میں لانا چاہتا ہوں کہ کمپنی کی جانب سے کارپوریٹ معاشرتی ذمہ داریوں کے تحت اٹھائے جانے والے اقدامات کے ذریعے سانگھڑ اور قرب و جوار کے سیلاب متاثرین خاندانوں کی امداد بھی کی گئی ہے۔

آڈٹ کمیٹی اور انسانی وسائل و ادائیگیوں کی کمیٹی کی صدارت غیر جانبدار ڈائریکٹر کی جانب سے کی گئی ہے جس سے ہماری اعلیٰ گورننس اور شفافیت سے گہری وابستگی کا اظہار ہوتا ہے۔ آڈٹ کمیٹی کی جانب سے مالیاتی رپورٹنگ کے سلسلے میں نگرانی کی گئی ہے تاکہ تمام شراکت داروں تک صحیح اور درست معلومات بروقت پہنچائی جاسکیں۔

بورڈ پر کمپنی کی رہنمائی اور افعال کے کنٹرول کی بنیادی ذمہ داری بھی عائد ہوتی ہے۔ ان ذمہ داریوں میں کمپنی کے کاروباری رسک کی نشاندہی کرنا اور ان کی نگرانی کرنا، مینجمنٹ نفارمیشن سسٹم کو مربوط بنانا اور تمام شراکت داروں تک شفاف رپورٹنگ کے ذریعے معلومات پہنچانا شامل ہیں۔

میں پراعتماد ہوں کہ کمپنی اسی طرح ترقی کی منازل طے کرتی رہے گی اور کمپنی کی مستقل بنیادوں پر ترقی و نشو ونما کے ضمن میں بورڈ اپنا اہم کردار ادا کرتا رہے گا تاکہ کمپنی کے شراکت داروں کی سرمایہ کاری کی قدر میں اضافہ کیا جاسکے۔

اپنی جانب سے اس بات کو ریکارڈ کا حصہ بنانا چاہتا ہوں کہ تمام اعلیٰ افسران، دیگر افسران اور ملازمین کی جانب سے کمپنی کے معاملات کو خوش اسلوبی کے ساتھ چلانے کیلئے جس اخلاص، ایمانداری اور محنت شاقہ کا مظاہرہ کیا گیا ہے وہ قابل ستائش ہے اور امید کرتا ہوں کہ آئندہ بھی اللہ رب العزت کی رحمت کے سائے تلے تمام افراد کمپنی کی پیداواری صلاحیت میں اضافے کیلئے اسی جوش و جذبے کا مظاہرہ کرتے رہیں گے۔ اس کے علاوہ اس موقع پر میں تمام سرکاری اداروں، بینکاروں اور غیر بینکاری مالیاتی اداروں، ترسیل کاروں اور حصص داران کا بھی تہہ دل سے شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں کہ کمپنی کی ترقی اور خوشحالی کیلئے ان کی حمایت اور تعاون ہمیشہ ہمارے شامل حال رہی ہے۔

غلام دستگیر راجڑ
چیئرمین

کراچی: 31 دسمبر 2022ء